31-10-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

)آداب: خبرنامے کے ساتھ میں   محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- آج مردِ آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کو اُن کے 150ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

2- وزیراعظم نریندر مودی گجرات کے ایکتا نگر میں راشٹریہ ایکتا دِوس تقریب میں شرکت کر رہے ہیں اور سردار پٹیل کو گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔

3- مرکز سبھی اسکولوں میں تیسری کلاس سے Artificial Intelligence پر نصابی تعلیم کا سلسلہ شروع کرے گا۔

4- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ملک بھرکے بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کیلئے 76 ہولڈنگ ایریا بنانے کی منظوری دے دی ہے۔

5- NDAآج پٹنہ میں بہار اسمبلی انتخابات کیلئے اپنا چناؤ منشور جاری کرے گا۔

6- بھارت اور آسٹریلیا نے دہشت گردی اور شدت پسندی سے نمٹنے کیلئے اشتراک بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہئ خیال کیا۔

-7 اور کرکٹ میں: بھارت، آسٹریلیا کو پانچ وکٹ سے ہراکر ایک روزہ میچوں کے خواتین کے ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM EKTA Divas

ملک آج مرد آہن سردار پٹیل کو ان کے 150 ویں یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کر ہا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی، سردار ولبھ بھائی پٹیل کے 150ویں یومِ پیدائش کے موقع پر گجرات کے ایکتا نگر میں راشٹریہ ایکتا دِوس تقریبات کی قیادت کررہے ہیں۔ وزیراعظم مجسمہئ اتحاد پر گلہائے عقیدت نذر کرکے دن کا آغاز کریں گے۔ اِس کے علاوہ شاندار ایکتا دِوس پریڈ کا اہتمام بھی کیا جائے گا، جس میں ملک کے اتحاد اور یکجہتی کی عکاسی کی جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Aparna Khunt

آج مردِ آہن سردار پٹیل کے عظیم مجسمے کے سامنے ایکتا نگر میں ملک کی طاقت اور اتحاد کی شاندار عکاسی کی جائے گی۔ راشٹریہ ایکتا دِوس پریڈ میںBSF ، CRPFاور مختلف ریاستی پولیس فورسز کے دستے شامل ہوں گے۔ اِس سال یہ تقریب اور بھی زیادہ خاص بن گئی ہے کیونکہ راشٹریہ ایکتا دِوس پریڈ کا اہتمام یومِ جمہوریہ کی طرز پر کیا جا رہا ہے۔

اِس سال اِس پریڈ کی خاص بات BSF کا مارچ کرنے والا ایک دستہ ہے جو خاص طور پر بھارتی نسل کے Dogs پر مشتمل ہوگا جس سے آتم نربھر بھارت کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔ پریڈ میں نکسلیوں اور دہشت گردی کے خلاف کارروائی میں CRPF اور BSF کی غیر معمولی دلیری اور بہادری کے صلے میں شوریہ چکر اور بہادری کے ایوارڈ حاصل کرنے والے اہلکاروں کی عزت افزائی کی جا رہی ہے۔

اِس کے علاوہ مختلف ریاستوں اور مرکزی ایجنسیوں کی 10 شاندار جھانکیاں بھی پریڈ کا حصہ ہوں گی جس میں ”کثرت میں وحدت“ موضوع کی عکاسی کی جائے گی۔

پریڈ کے بعد وزیراعظم Aarambh 7.O کے اختتام پر 100ویں فاؤنڈیشن کورس کے زیر تربیت افسروں کے ساتھ گفتگو کریں گے۔

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

PM Patel Family

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل کیوڑیہ میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اُنہیں اُن سے مل کر بیحد خوشی ہوئی اور انہوں نے ملک کے لیے سردار پٹیل کی شاندار خدمات کو یاد کیا۔×

Prez. Sardar Patel

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صبح نئی دلی میں پٹیل چوک پر سردار ولبھ بھائی پٹیل کے مجسمے پر عقیدت کے پھول نذر کرکے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انھوں نے قومی اتحاد کے دن کے موقع پر ملک کے شہریوں کو مبارکباد بھی دی ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے سردار پٹیل کو ایک عظیم محب وطن، نظریہ ساز رہنما اور ملک کا معمار قرار دیا، جنھوں نے اپنے پختہ عزم، دلیری اور قابل قیادت کے ذریعے ملک کو متحد کرنے کا تاریخی کام انجام دیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ متحد ہوکر ایک مضبوط، ہم آہنگ اور خوشحال بھارت کی تعمیر کے اپنے عزم کا اعادہ کریں۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے بھی سردار پٹیل کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کیے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ سردار صاحب نے مختلف رجواڑوں کو متحد کرکے ملک کے اتحاد اور سلامتی کو مضبوط بنایا۔x

Shah Run for Unity

وزیر داخلہ امت شاہ نے راشٹریہ ایکتا دِوس کے موقع پر دلی میں میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم سے اتحاد کی دوڑ 'Run For Unity' کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ سرکار 2014 سے ہر سال 31 اکتوبر کو سردار پٹیل کے احترام میں اتحاد کی دوڑ کا اہتمام کر رہی ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ انگریزوں نے بھارت کی آزادی کے بعد ملک کو 562 رجواڑوں میں بانٹ کر یہاں سے جانے کا فیصلہ کیا۔ البتہ مختصر مدت میں ہی سردار پٹیل نے سبھی 562 رجواڑوں کو متحد کرنے کا بڑا کام انجام دیا۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ آج جدید بھارت کا جو نقشہ دنیا کے سامنے ہے، وہ سردار پٹیل کے نظریے اور اُن کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

جناب امت شاہ نے مزید کہا کہ آئین کی دفعہ 370 منسوخ کرکے بھارت کے ساتھ کشمیر کو متحد کرکے، وزیراعظم نریندر مودی نے سردار پٹیل کے عزم کی تکمیل کی ہے۔x

S/B - Shah

PM Arya Samaj

وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر نئی دلّی کے روہنی میں بین الاقوامی آرین سمٹ 2025 میں شرکت کریں گے۔ یہ پروگرام ”گیان جیوتی فیسٹیول“ کا ایک اہم حصہ ہے، جو مہارشی دیانند سرسوتی کی 200 ویں جینتی اور معاشرے کے لیے آریہ سماج کی خدمت کے 150 سال مکمل ہونے کی یاد میں منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

یہ سمٹ بھارت اور بیرونِ ملک کی آریہ سماج کی مختلف شاخوں کے نمائندوں کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کرے گا، جو مہارشی دیانند کے اصلاحی نظریات کی آفاقی اہمیت اور آریہ سماج کی عالمی سطح پر پہنچ کی عکاسی کرتا ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Education AI

مرکز نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت AI کا نصاب اب تمام اسکولوں میں تیسری جماعت سے متعارف کرایا جائے گا۔

تعلیم کی وزارت نے کہا کہ یہ اقدام مصنوعی ذہانت کے اخلاقی استعمال کو فروغ دینے کی سمت ایک ابتدائی لیکن اہم قدم ہے، تاکہ پیچیدہ مسائل کے حل میں اس ٹیکنالوجی کو ابتدائی مرحلے سے ہی شامل کیا جا سکے۔ نصاب میں مصنوعی ذہانت کو فطری طور پر ابتدائی مرحلے سے، یعنی تیسری جماعت سے شامل کیا جائے گا۔

وزارت نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت اور کمپیوٹیشنل تھنکنگ، سیکھنے، سوچنے اور پڑھانے کے تصور کو مضبوط کریں گے اور عوامی بھلائی کے لیے مصنوعی ذہانت کے تصور کی طرف بتدریج وسعت پائیں گے۔

وزارت نے مزید کہا کہ ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے IIT مدراس کے پروفیسر کارتک رمن کی سربراہی میں ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جو مصنوعی ذہانت اور کمپیوٹیشنل سوچ کا نصاب تیار کرے گی۔×

Ashwini Holding Area

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ملک بھر کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے ٹھہرنے اور انتظار کرنے کے لیے 76 جگہیں بنانے کے منصوبے کی منظوری دی ہے۔ یہ فیصلہ نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ کی کامیابی کے بعد کیا گیا ہے۔ ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں مسافروں کے ٹھہرنے کی یہ منصوبہ بند نئی جگہیں ماڈیولر ڈیزائن پر بنائے جائیں گے اور مقامی حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے تعمیر کیے جائیں گے۔

مرکزی وزیر نے ہدایت دی ہے کہ ٹھہرنے اور انتظار کرنے کی تمام جگہیں 2026 کے فیسٹیول سیزن سے کافی پہلے مکمل کر لیے جائیں۔

نئی دلّی ریلوے اسٹیشن نے دیوالی اور چھٹھ جیسے تہواروں کے دوران مسافروں کی کثیر تعداد کو اپنی نئی تعمیر شدہ ٹھہرنے کی جگہوں کی مدد سے مؤثر طور پر سنبھالا، جو صرف چار مہینوں میں مکمل کیا گیا تھا۔×

Rev.Shivraj FPO Samagam

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ اب تک ملک میں فصلوں کی پیداوار کرنے والے کسانوں کی دس ہزار تنظیمیں FPOs قائم کی جا چکی ہیں اور ان میں سے کچھ FPOs کا کاروبار 100 کروڑ روپے تک پہنچ گیا ہے۔

نئی دلّی میں منعقدہ دو روزہ FPO سمیلن 2025 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ اب تک ایک ہزار ایک سو FPOs کروڑ پتی بن چکی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ 52 لاکھ کسانوں کو اس پہل سے فائدہ پہنچا ہے اور حکومت کا ہدف ہے کہ اس منصوبے کے ذریعے دو کروڑ کسانوں تک رسائی حاصل کی جائے۔

S/B - Shivraj Singh Chouhan

جناب چوہان نے کہا کہ حکومت معیشت کو مضبوط کرنے اور زرعی پیداوار میں تنوع لانے کے لیے زرعی شعبے میں مربوط کاشتکاری لانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت جلد ہی بیجوں سے متعلق ایک ایکٹ متعارف کرائے گی تاکہ کسانوں کو اعلیٰ معیار کے بیج فراہم کیے جا سکیں۔

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ ملک کی معیشت میں کسانوں کے رول کو سراہتے ہوئے خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے زرعی شعبے میں 50 فیصد حصہ فراہم کیا جائے گا۔

اس سمیلن میں ملک کی 24 ریاستوں اور 140 ضلعوں کے500 سے زیادہ کسانوں، کسان پروڈیوسر تنظیموں، تنفیذی ایجنسیوں اور کلسٹر پر مبنی کاروباری تنظیموں نے شرکت کی۔×

Rev.NDA Bihar Poll Manifesto

قومی جمہوری اتحاد NDA آج پٹنہ میں بہار اسمبلی انتخابات کے لیے اپنا انتخابی منشور جاری کرے گا۔ BJP کے قومی صدر جگت پرکاش نڈّا تمام پانچ اتحادی پارٹیوں کے سینئر رہنماؤں کے ساتھ ملکر صبح ساڑھے 9 بجے انتخابی منشور جاری کریں گے۔ اس موقع پر JDU کے قومی صدر اور وزیراعلیٰ نتیش کمار، BJPکے بہار اسمبلی چناؤ کے انچارج دھرمیندر پردھان، ہندستانی عوام مورچہ کے سربراہ جیتن رام مانجھی، لوک جَن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے صدر چراغ پاسوان، راشٹریہ لوک مورچہ کے صدر اوپیندر کشواہا، JDUکے کارگزار صدر سنجے جھا، بہار BJPکے ریاستی صدر ڈاکٹر دلیپ جیسوال اور دیگر سینئر رہنما موجود ہوں گے۔

اس دوران ریاست میں خراب موسم کے حالات نے انتخابی مہم کو متاثر کیا ہے۔ پٹنہ اور ریاست کے دیگر علاقوں میں مسلسل بارش کے باعث انتخابی مہم کی سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں۔ خراب موسم کی وجہ سے مختلف سیاسی پارٹیوں کے کئی سینئر رہنماؤں نے کل اپنی ریلیاں ملتوی کر دی تھیں۔ آج NDA اور مہا گٹھ بندھن دونوں اتحاد کی سرکردہ شخصیات اور سینئر رہنماء چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dharmendra

BJPکے قومی صدر جے پی نڈّا بہار میں آج لگاتار دوسرے دن NDA امیدواروں کی حمایت میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب نڈّا بکسر اور پٹنہ ضلعے میں ریلیاں کریں گے۔

دوسری طرف وزیراعلیٰ کے عہدے کیلئے مہاگٹھ بندھن کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو آج مونگیر، کھگڑیہ، بیگو سرائے اور سمستی پور میں 9 عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے جہاں پہلے مرحلے میں پولنگ ہونا ہے۔

اِدھر چناؤ مہم کے دوران NDA اور مہاگٹھ بندھن کے درمیان ایک دوسرے پر الزامات لگانے کا سلسلہ تیز ہوگیا ہے۔ BJP نے انتخابی کمیشن کو ایک مراسلہ تحریر کیا ہے، جس میں کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی کی جانب سے وزیراعظم کے خلاف توہین آمیز تبصرہ کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔

بہار کے اعلیٰ انتخابی افسر کو بھیجے گئے اپنے مراسلے میں BJP نے الزام لگایا ہے کہ دربھنگہ اور مظفر پور میں عوامی جلسوں کے دوران راہل گاندھی نے جناب مودی کے خلاف توہین آمیز زبان کا استعمال کیا۔

پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ جناب راہل گاندھی کی چناؤ مہم پر پابندی لگائی جائے اور ساتھ ہی انہیں غیر مشروط معافی مانگنی چاہیے۔

اِدھر پٹنہ ضلعے کے موکاما اسمبلی حلقے میں چناؤ مہم کے دوران دو حریف سیاسی پارٹیوں کے کارکنوں کے درمیان جھڑپ میں ایک شخص کی موت ہوگئی۔ علاقے میں سیکیورٹی بڑھادی گئی ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

GST Automobile

وزیر اعظم نریندر مودی کا اعلان کردہ GST بچت اُتسو، جو پچھلے مہینے کی 22 تاریخ کو شروع ہوا، معاشرے کے سبھی طبقے کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔ اس کے تحت کئی شعبوں میں GST کی شرحوں میں کمی کی گئی ہے۔ آج ہمارے نامہ نگار ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں کہ آٹو موبائل کے سیکٹر میں GST کی نئی شرحوں سے کس طرح شہریوں کو مدد مل رہی ہے۔

V/C - Vishnu

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت حکومت نے آٹو موبائل سیکٹر میں GST کی شرحوں میں کمی کر کے شہریوں کو بڑی راحت فراہم کی ہے۔ GST کے نئے ڈھانچے کے تحت تجارتی سامان لے جانے والی گاڑیوں جیسا کہ ٹرک اور ڈلیوری وین، جو بھارت کی سپلائی چین کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، پر ٹیکس کی شرح 28 فیصد سے گھٹا کر 18 فیصد کر دی گئی ہے۔ اس قدم سے لاجسٹکس کے اخراجات میں براہِ راست کمی آئی ہے اور برآمدی مسابقت میں اضافہ ہوا ہے۔

اسی طرح کاروں اور موٹر سائیکلوں کی تیاری میں استعمال ہونے والے زیادہ تر کل پرزوں پر ٹیکس بھی 28 فیصد سے گھٹا کر 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔

اس فیصلے نے نہ صرف مینوفیکچررز کے اخراجات کم کیے ہیں، بلکہ نئے خریداروں کے لیے گاڑیاں بھی مزید سستی ہو گئی ہیں۔

اس کے ساتھ ہی ایک ہزار 800 سی سی تک کے ٹریکٹروں پر پہلے 12 فیصد GST لگتا تھا، اب انہیں 5 فیصد کے ٹیکس سلیب میں شامل کیا گیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ایک صارف پرینکا نے GST کی نئی اصلاحات کو سراہا اور کہا کہ اس قدم نے پہلی بار کار خریدنے والوں کو حوصلہ دیا ہے کیونکہ اس سے گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی آئی ہے اور عام آدمی کو مالی مدد ملی ہے۔

S/B - Priyanka Consumer

یہ ٹیکس اصلاحات نہ صرف مانگ میں اضافہ کر رہی ہیں بلکہ مینوفیکچررز کی مدد کر رہی ہیں اور پورے ملک میں گاڑیوں کی خریداری کو مزید قابلِ استطاعت بنا رہی ہیں۔

نئی دلّی سے وشنو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

India Australia

بھارت اور آسٹریلیا نے ابھرتے ہوئے گھریلو، علاقائی اور بین الاقوامی دہشت گردی کے منظرنامے پر تبادلہئ خیال کیا اور انسدادِ دہشت گردی، قوانین کے نفاذ، عدلیہ کے تعاون اور بحری سکیورٹی کے شعبوں میں وسیع پیمانے پر باہمی تعاون کے سلسلے میں خیالات کا تبادلہ کیا۔ انسدادِ دہشت گردی پر بھارت۔آسٹریلیا مشترکہ ورکنگ گروپ کی دو روزہ میٹنگ کینبرا میں شروع ہوئی۔ دونوں فریقوں نے 22 اپریل کو پہلگام میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی۔ آسٹریلیا نے بھارت کے ساتھ اپنی حمایت اور یکجہتی کا اعادہ کیا۔

دونوں فریقوں نے معلومات کے بروقت تبادلے اور دہشت گردی کے مقاصد کے لیے نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے استعمال کے خلاف مشترکہ کارروائیوں میں باہمی تعاون کو مستحکم کرنے پر زور دیا۔

دونوں فریقوں نے دہشت گردی کو فروغ دینے والی قدامت پرستی اور پرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام کے لیے باہمی تعاون کو مزید مضبوط کرنے کے طور طریقوں پر بھی گفتگو کی۔

اس میٹنگ کی صدارت وزارتِ خارجہ میں انسدادِ دہشت گردی امور کے جوائنٹ سیکریٹری ڈاکٹر ونود Bahade اور آسٹریلیا کی سفیر برائے انسدادِ دہشت گردی Gemma Huggins نے مشترکہ طور پر کی۔×

Afghan and Pak Tension

افغانستان کے قائم مقام وزیر داخلہ سراج الدین حقانی نے پاکستان کو خبردار کیا ہے کہ اُس کی جانب سے کی گئی کسی بھی قسم کی کارروائی کو افغانستان برداشت نہیں کرے گا۔ حقانی نے یہ بیان اُس وقت دیا ہے جب اِس ہفتے کے آغاز میں استنبول میں دونوں ممالک کے درمیان ہونے والے تازہ مذاکرات کا کوئی نتیجہ نہیں نکل سکا۔

انھوں نے کہا کہ افغانستان کے عوام کے درمیان اگرچہ اندرونی مسائل موجود ہیں، لیکن وہ کسی بھی غیر ملکی حملہ آور کے خلاف متحد ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہماری سرزمین کا دفاع ہماری اولین ترجیح ہے۔ مذاکرات اور آئندہ دور کی بات چیت کے امکانات کا تذکرہ کرتے ہوئے حقانی نے کہا کہ بات چیت اور باہمی مفاہمت کے راستے ابھی کھلے ہیں اور افغانستان کسی سے محاذ آرائی نہیں چاہتا ہے۔

Women's Cricket

ICCخواتین ایک روزہ عالمی کپ میں گزشتہ رات نوی ممبئی میں بھارت نے آسٹریلیا کو سنسنی خیز سیمی فائنل میں 5 وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنا لی۔ بھارت نے 339 رن کا ہدف 5 وکٹ اور 9 گیند باقی رہتے ہوئے حاصل کر لیا۔

جمائما روڈریگز نے 134 گیندوں پر 127 رن کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ کپتان ہرمن پریت کور نے 88 گیندوں پر 89 رن بنائیے۔ دونوں کھلاڑیوں کی شاندار بلّے بازی نے دفاعی چمپئن آسٹریلیا کے خلاف بڑے ہدف کو کامیابی سے طے کرنے میں مدد کی۔

بھارت کی جانب سے شری چارنی اور دیپتی شرما نے دو-دو وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے پہلے آسٹریلیا نے بلّے بازی کرتے ہوئے 49 اوورز اور پانچ گیندوں میں 338 رن بنائے۔

فوبی لیچ فیلڈ نے 119 رن کی شاندار اننگز کھیلی جبکہ کِم گارتھ اور اینابیل Sutherland نے دو-دو وکٹیں حاصل کیں۔ جمائما روڈریگز کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اب بھارت اتوار کو نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی میں جنوبی افریقہ کے خلاف فائنل مقابلہ کھیلے گا۔

اس سے پہلے جنوبی افریقہ نے منگل کے روز گوہاٹی میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں انگلینڈ کو 125 رن سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا تھا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حبیب الرحمان

شکریہ - محمد عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کی بہار انتخابی ریلیوں سے متعلق خبر کو صفحہ اول پر شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے: بہار میں پھر این ڈی اے سرکار، پی ایم نے رائے دہندگان سے اپیل کی کہ وہ صوبے کو جنگل راج سے دور رکھیں۔

الیکشن کمیشن کی نیشنل ووٹر ہیلپ لائن کے آغاز کی خبر کو تقریباً سبھی اخباروں نے صفحۂ اول پر نمایاں طور سے جگہ دی ہے۔

جسٹس سوریہ کانت کو سپریم کورٹ کے اگلے چیف جسٹس مقرر کیے جانے کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے صفحۂ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ جسٹس سوریہ کانت 24 نومبر کو اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن بھوٹان کے سرکاری دورے پر۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ اور ملاپ نے صفحۂ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

عالمی خبروں کے صفحے کی کچھ اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

* ٹرمپ نے ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا۔
* برطانیہ میں 8 ہزار سے زائد غیر قانونی تارکین وطن گرفتار۔
* اردو سمیت متعدد زبانوں میں عمرہ زائرین کیلئے ڈجیٹل ایپ متعارف۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- آج مردِ آہن سردار ولبھ بھائی پٹیل کو اُن کے 150ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

2- وزیراعظم نریندر مودی گجرات کے ایکتا نگر میں راشٹریہ ایکتا دِوس تقریب میں شرکت کر رہے ہیں اور سردار پٹیل کو گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔

3- مرکز سبھی اسکولوں میں تیسری کلاس سے Artificial Intelligence پر نصابی تعلیم کا سلسلہ شروع کرے گا۔

4- ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ملک بھرکے بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کیلئے 76 ہولڈنگ ایریا بنانے کی منظوری دے دی ہے۔

5- NDAآج پٹنہ میں بہار اسمبلی انتخابات کیلئے اپنا چناؤ منشور جاری کرے گا۔

6- بھارت اور آسٹریلیا نے دہشت گردی اور شدت پسندی سے نمٹنے کیلئے اشتراک بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔

7- اور کرکٹ میں: بھارت، آسٹریلیا کو پانچ وکٹ سے ہراکر ایک روزہ میچوں کے خواتین کے ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔